**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

مورخہ 01.11.2024

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | تمام سیاسی تنظیموں کے درمیان خوشگوار تعلقات اشد ضروری، گورنر۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | وزیر اعلیٰ کا دورہ شجاع آباد شہداء کے ورثاء میں چیک تقسیم۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | معیاری طبی سہولیات کی فراہمی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرینگے، محمد بخت کاکڑ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 04 | 26ویں آئینی ترمیم کی بدولت زیر التوا کیسز جلد نمٹائے جاسکیں گے، صادق عمرانی۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | صنفی مساوات وحقوق کے فروغ کیلئے قانون سازی ضروری ہے، ڈاکٹر ربابہ بلیدی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | ڈیرہ بگٹی ڈاکٹروں کی کمی دور کرنے کیلئے جلد عارضی بنیادوں پر بھرتیاں کی جائینگی، سید زاہد شاہ۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | بلوچستان ہائیکورٹ ڈرائی فروٹ تاجروں کے ساتھ حکام کی ملاقات پر اطمینان۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | عبدالخالق اچکزئی کی کامیابی کے خلاف دائر انتخابی عذرداری ناقص شہادتوں کی بنیاد پر خارج۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | بلوچستان میں سرکاری سطح پر کینسر ہسپتال تعمیر کیا جائے، سینیٹر عبدالقادر۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | حکومت نے پاک ایران کتافی کراسنگ پوائنٹ غیر معینہ مدت کیلئے بند کردیا۔ | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 11 | کوئٹہ سے سرکاری اسلحہ غائب، ہیڈ کانسٹیبل مفرور۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | پی اے سی کے فیصلوں پر عمل نہ کرنیوالے افسران کے خلاف کاروائی کی جائے، اصغر ترین۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | بلوچستان میں چینی باشندوں کی سیکورٹی مزید سخت کرنے کے احکامات۔ | سینچری ودیگر اخبارات |
| 14 | بلوچستان سیاسی اور معاشی عدم استحکام کا شکار ہے۔ ہدایت الرحمٰن بلوچ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | بیساکھیوں پر کھڑی حکومتیں پائیدار فیصلے کی اہل نہیں، مولانا عبدالواسع۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | تمام جماعتوں کو غیر نمائندہ حکومت کے خلاف جدوجہد کرنا ہوگی، پشتونخوامیپ | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 17 | لاپتہ افراد کی بازیابی یقینی بنائے جائے وائس فار بلوچ مسنگ پرسنز۔ | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان:

طالبعلم پر تشدد کرنیوالے اسکول ٹیچر کو تین ماہ قید اور جرمان کی سزا، اوستہ محمد اور باغ ہیڈ پولیس نے ملزمان گرفتار کرلئے، لورالائی میں سیکورٹی فورسز نے 14 ایکٹر پر کاشت کی گئی بھنگ کی فصل کو تلف کردیا۔

## عوامی مسائل:

سوشل ویلفیئر کی جانب سے کینسر کی مد میں ادویات مکمل طور پر بند، پولٹری مافیا غریب عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہا ہے شہریوں کی دہائی، اے ٹی ایم مشینز سے جعلی نوٹ نکلنے لگے، شہری پریشان۔

CamScanner

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ** 01.11.2024

**اداریہ :**

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "سرکاری کتب کی سکولوں میں بروقت ترسیل کو یقینی بنایا جائے!" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت بلوچستان ٹیکسٹ بورڈ کی کارکردگی سے متعلق جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ بلوچستان میں درسی نصاب سے ہم آہنگ کیا جارہا ہے نئی چھپنے والی کتب میں ہر صفحے پر اسکینگ بار کوڈ بھی درج کیا جارہا ہے تاکہ اساتذہ کسی بھی رہنمائی کے لئے آن لائن پورٹل سے رجوع کرسکیں۔ نئے سال کیلئے سرکاری درسی کتب رواں سال دسمبر تک چھپ کر مکمل ہوجائیں گی۔ اس سال صاف وشفاف ملک گیر پیشکشوں کی طلبی کے ذریعے کتب اشاعت کا کام قابل بھروسہ ساکھ کی حامل فرم کو دیا گیا ہے اور پیشکشوں میں کم بولی دینے والی فرم کو ٹھیکہ دیا گیا ہے۔ اس طرح آئندہ سال نہ صرف 75 کروڑ روپے کی براہ راست بچت ہوگی بلکہ سالانہ مہنگائی کے موازنے اور دیگر اخراجات کو ملا کر مجموعی طور پر یہ بچت ایک ارب روپے کی ہوگی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے محکمہ تعلیم کے حکام کو ہدایت دیں کے سرکاری کتب کی سکولوں میں بروقت ترسیل کو یقینی بنایا جائے۔ ہم آفیسران کی حوصلہ افزائی کریں گے۔ بلوچستان ٹیکسٹ بورڈ کی کارکردگی اطمینان بخش ہے۔

**اداریے :**

روزنامہ انتخاب کوئٹہ نے "الف انار ب بکری سے باہر نکلنا ہوگا" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "صوبائی حکومت کی تعلیمی اصلاحات کو دوسرے صوبوں میں سراہا اور اپنایا جارہا ہے۔" کے عنوان اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ انتخاب کوئٹہ نے "بلوچستان مخدوش حالات" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ "Uncontrolled road mishaps" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ "Fight against polio" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین:**

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "سبی میں صحت کے حوالے سے حکومت کا عوام دوست اقدامات" کے عنوان سے مضمون تحریر کیا ہے۔

روزنامہ قدرت، باخبر، زمانہ بلوچستان نیوز کوئٹہ نے "سبی میں صحت کے حوالے سے حکومت کا عوام دوست اقدامات" کے عنوان سے مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 — Dated: 01 NOV 2024 — Page No. 1

# تمام سیاسی تنظیموں کے درمیان خوشگوار تعلقات اشد ضروری، گورنر

**جعفر مندوخیل کا ڈاکٹر مالک سے رابطہ، پارٹی صدر اور میر کبیر کو جنرل سیکرٹری منتخب ہونے پر مبارکباد دی**

کوئٹہ (خ ن) گورنر جعفر خان مندوخیل نے سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ سے ٹیلیفونک رابطہ کیا. انہوں نے ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کو نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر جبکہ کبیر محمد شہی کو جنرل سیکرٹری منتخب ہونے پر مبارکباد دی. انہوں نے بلوچستان میں جمہوری اقدار کو فروغ دینے اور شہریوں میں حقوق اور اختیارات کا احساس جگانے کے حوالے سے ان کی عوام دوست جدوجہد کا اعتراف کرتے ہوئے ڈاکٹر مالک بلوچ کی قیادت کی تعریف کی۔ گورنر مندوخیل نے نیشنل پارٹی کے تمام مرکزی وصوبائی رہنماؤں اور سیاسی کیڈرز کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت صوبائی سطح پر تمام سیاسی تنظیموں کے درمیان خوشگوار تعلقات قائم کرنے کی اشد ضرورت ہے کیونکہ ہمارے برادرانہ تعلقات سے بلوچستان کے سیاسی منظرنامے میں تعاون اور باہمی احترام کی اہمیت بھی اجاگر ہوجائیگا۔

## بلوچستان تجارت اور زراعت کے ذریعے اقتصادی طور پر بہت جلد ابھر سکتا ہے، چیمبر آف کامرس کے وفد سے گفتگو

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ بلاشبہ بلوچستان اپنے دو سیکٹرز تجارت اور زراعت کے ذریعے اقتصادی طور پر بہت جلد ابھر سکتا ہے کیونکہ یہ سینٹرل ایشیا، میڈ ایسٹ اور جنوبی ایشیا کے سنگم پر واقع ہے ہم اپنے تاجروں اور صنعتکاروں کو ہمسایہ ممالک کی تجارتی منڈیوں تک رسائی دینے اور اپنے صوبے کی زرخیز زمین پر جدید کاشتکاری کی تکنیک اپنانے سے انقلاب برپا کر سکتے ہیں. ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں کوئٹہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نائب صدر انجینئر میروائس خان کاکڑ کی قیادت میں وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا. اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ ہمیں تمام چھوٹے بڑے تاجروں اور کاروباری حضرات کی مشکلات کا خوب احساس ہے. گزشتہ چند برسوں سے مسلسل عالمی وباء کرونا وائرس، قدرتی آفات اور بارڈرز کی بندش وغیرہ کے باعث صوبے بھر کے عوام بالخصوص تاجر برادری بہت متاثر ہوئی ہے جس کے نتیجے میں موجودہ حکومت صوبے میں معاشی سرگرمیوں کی فعالیت اور بارڈر ٹریڈز کے فروغ کیلئے ٹھوس اقدامات اٹھا رہی ہے. وفد میں میروائس خان کاکڑ اور عبدالاحد آغا نے پورے بلوچستان کی تاجر برادری اور خاص طور پر کوئٹہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی جانب سے گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کا خصوصی شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ گورنر بلوچستان نے ہر وقت ہمارے ساتھ بھرپور تعاون کیا ہے، روز اول سے گورنر ہاؤس کے دروازے عوام کیلئے کھول رکھے ہیں اور ہماری آواز وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے متعلقہ حکام تک پہنچایا ہے جس سے ہماری کئی مشکلات میں خاصی کمی آئی ہے. حالیہ تفتان بارڈر کو پینتالیس دنوں کیلئے کھل کر تاجروں کے دل جیت لیے۔

MASHRIQ QUETTA

# بلوچستان میں جدید کاشتکاری سے زرعی انقلاب برپا کیا جاسکتا ہے، جعفر مندوخیل

**زرخیز صوبہ اپنے دو سیکٹرز تجارت اور زراعت کے ذریعے اقتصادی طور پر بہت جلد ابھر سکتا ہے، گورنر بلوچستان**

**حکومت صوبے میں معاشی سرگرمیوں کی فعالیت اور بارڈر ٹریڈز کے فروغ کیلئے ٹھوس اقدامات اٹھا رہی ہے**

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ بلاشبہ بلوچستان اپنے دو سیکٹرز تجارت اور زراعت کے ذریعے اقتصادی طور پر بہت جلد ابھر سکتا ہے کیونکہ یہ سینٹرل ایشیا، میڈ ایسٹ اور جنوبی ایشیا کے سنگم پر واقع ہے ہم اپنے تاجروں اور صنعتکاروں کو ہمسایہ ممالک کی تجارتی منڈیوں تک رسائی دینے اور اپنے صوبے کی زرخیز زمین پر جدید کاشتکاری کی تکنیک اپنانے سے انقلاب برپا کر سکتے ہیں.........

بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

. ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں کوئٹہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نائب صدر انجینئر میروائس خان کاکڑ کی قیادت میں وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا. اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ ہمیں تمام چھوٹے بڑے تاجروں اور کاروباری حضرات کی مشکلات کا خوب احساس ہے. گزشتہ چند برسوں سے مسلسل عالمی وباء کرونا وائرس، قدرتی آفات اور بارڈرز کی بندش وغیرہ کے باعث صوبے بھر کے عوام بالخصوص تاجر برادری بہت متاثر ہوئی ہے جس کے نتیجے میں موجودہ حکومت صوبے میں معاشی سرگرمیوں کی فعالیت اور بارڈر ٹریڈز کے فروغ کیلئے ٹھوس اقدامات اٹھارہی ہے

## جعفر مندوخیل کا ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ سے ٹیلیفونک رابطہ

**سیاسی تنظیموں کے درمیان خوشگوار تعلقات لازم ہیں، رہنماؤں کا اتفاق**

**گورنر مندوخیل کی نیشنل پارٹی کے تمام مرکزی و صوبائی عہدیداروں کو مبارکباد**

کوئٹہ (آن لائن) گورنر جعفر خان مندوخیل نے سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ سے ٹیلیفونک رابطہ کیا .انہوں نے ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کو نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر جبکہ کبیر محمد شہی کو جنرل سیکرٹری منتخب ہونے پر مبارکباد دی .انہوں نے بلوچستان میں جمہوری اقدار کو فروغ دینے اور شہریوں میں حقوق اور اختیارات کا..........

بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

احساس جگانے کے حوالے سے ان کی عوام دوست جدوجہد کا اعتراف کرتے ہوئے ڈاکٹر مالک بلوچ کی قیادت کی تعریف کی۔ گورنر مندوخیل نے نیشنل پارٹی کے تمام مرکزی وصوبائی رہنماں اور سیاسی کیڈرز کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت صوبائی سطح پر تمام سیاسی تنظیموں کے درمیان خوشگوار تعلقات قائم کرنے کی اشد ضرورت ہے کیونکہ ہمارے برادرانہ تعلقات سے بلوچستان کے سیاسی منظرنامے میں تعاون اور باہمی احترام کی اہمیت بھی اجاگر ہوجائیگا۔



گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں



گورنر بلوچستان سے رکن اسمبلی زرک مندوخیل اور سجاد ریسانی ملاقات کر رہے ہیں

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 1 Dated 01 NOV 2024 Page No. 2

# Mandukhel felicitates Malik on election as National Party President

**Staff Report**

**QUETTA:** Governor Jafar Khan Mandukhel extended warm congratulations to Dr. Abdul Malik Baloch on his election as Central President of the National Party, with Kabir Muhammad Shahi as General Secretary.

Governor Mandukhel praised Dr. Malik's exemplary leadership and commitment to democratic values in Balochistan. He acknowledged Dr. Malik's tireless efforts to empower citizens and promote a sense of rights and social justice.

The Governor wished all central and provincial leaders, as well as National Party cadres, success in their endeavors. He emphasized the importance of fostering cordial relationships among provincial political organizations, highlighting the value of cooperation, mutual respect, and unity in Balochistan's political landscape. Meanwhile, while talking to a delegation led by Vice President of Quetta Chamber of Commerce and Industry Engineer Mirwais Khan Kakar, Governor Balochistan said that undoubtedly Balochistan can emerge economically very quickly through its two sectors i.e., trade and agriculture as it is located at the junction of Central Asia, Mid East and South Asia. By giving them access to the commercial markets of neighboring countries and adopting modern farming techniques on the fertile land of their province, they can create a revolution.

CamScanner

THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

قیمت 30 روپے

جلد 53 جمعۃ المبارک 28 ربیع الثانی 1446ھ یکم نومبر 2024ء نمبر 300


فائز عیسیٰ کے ساتھ لندن میں پیش آنیوالا واقعہ قابل مذمت، ملوث عناصر کے پاسپورٹ ضبط، سخت کارروائی کی جائے

# بلوچستان میں جلد ملک بھر کے لوگ روزگار کما سکیں گے، سرفراز بگٹی

شجاع آباد کے 7 شہیدوں کے لواحقین میں امدادی چیکس تقسیم

شہداء کے بچوں کے 16 سال تک کے تعلیمی اخراجات بھی حکومت برداشت کریگی، قاتلوں کو قرار واقعی سزا دلائینگے، وزیر اعلیٰ

شجاع آباد (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے جمعرات کو ملتان کی تحصیل شجاع آباد کا دورہ کیا اور پنجگور واقعے کے 7 شہداء کے ورثاء میں 15, 15 لاکھ کے امدادی چیکس تقسیم کیے 28 ستمبر کو بلوچستان کے ضلع پنجگور میں دہشت گردوں نے شجاع آباد کے 7 مزدوروں پر فائرنگ کر کے انہیں شہید کر دیا تھا وزیر اعلیٰ بلوچستان نے سانحہ پنجگور کے شہداء کے لواحقین سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے انہیں یقین دلایا کہ دلخراش واقعے میں ملوث دہشت گردوں کو قرار واقعی سزا دلائیں گے جبکہ متاثرہ فیملیز کی معاونت کے ساتھ ساتھ شہداء کے بچوں کے 16 سال تک کے تعلیمی اخراجات حکومت بلوچستان برداشت کرے گی اس موقع پر میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ اندوہناک واقعے میں کسی بلوچ نے سرائیکی یا پنجابی کو قتل نہیں کیا بلکہ دہشت گردوں نے پاکستانیوں کو شہید کر کے صوبوں میں نفرت پھیلانے کی مذموم کوشش کی جسے پاکستان کے عوام نے ناکام بنا دیا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ واقعے میں ملوث چند دہشت گردوں کو قانون کی گرفت میں لیا جا چکا ہے جبکہ دیگر کی گرفتاریوں کیلئے قانون حرکت میں ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں ہونیوالے دہشت گردی کے واقعات میں بھارتی خفیہ ایجنسی را ملوث ہے جسکے ڈوزیئر ہم عالمی سطح پر دے چکے ہیں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ بلوچ قوم روایات کی امین ہے اور وہ اس واقعے پر خود بھی صدمے سے دوچار ہیں۔ میں یہاں سے پنجاب سمیت پورے پاکستان کی عوام کو پیغام دینا چاہتا ہوں کہ بلوچستان حکومت صوبے میں دہشت گردوں کیخلاف نبرد آزما ہے اور ہم بہت جلد ایسا پر امن ماحول بنانے جا رہے ہیں کہ ملک بھر سے افراد بلوچستان میں بلاخوف وخطر روزگار کما سکیں گے اس موقع پر شجاع آباد سے رکن قومی اسمبلی عبد القادر گیلانی نے لواحقین سے اظہار یکجہتی کیلئے آمد پر وزیر اعلیٰ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے عوام مہمان نواز ہیں۔ اور بلوچستان حکومت کے شانہ بشانہ دہشت گردوں کے قلع قمع میں مصروف ہیں۔ انکا کہنا تھا کہ مٹھی بھر دہشتگرد و شر پسند عناصر صوبوں کے درمیان نفرت نہیں پھیلا سکتے اس موقع پر صوبائی وزیر میر سلیم کھوسہ، بلوچستان اسمبلی میں قائد حزب اختلاف میر یونس عزیز زہری، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ بلوچستان شہاب علی شاہ، ڈپٹی کمشنر ملتان وسیم حامد سندھو، سی پی او صادق علی ڈوگر اور اسسٹنٹ کمشنر شجاع آباد سلمان ظفر بھی موجود تھے۔

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سابق چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کے ساتھ لندن میں پیش آنے والے واقعہ کی مذمت کرتے ہوئے وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ اخلاقیات سے عاری ملوث عناصر کی دستاویزات اور پاسپورٹ ضبط کر کے بد اخلاق جتھوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے۔ یہاں جاری ایک بیان میں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ قاضی فائز عیسیٰ سے بدتمیزی کا واقعہ قابل مذمت ہے سابق چیف جسٹس ایک قابل احترام شخصیت ہیں جن کے خاندان کی ملک وقوم کے لئے قربانیاں ہیں۔ قاضی فائز عیسیٰ اور ان کے خاندان نے اس ملک کو بہت کچھ دیا ہے اور اس ملک پر ان کے احسانات ہیں گزشتہ روز کے واقعہ سے ہر ذی شعور کو دکھ اور افسوس ہوا واقعہ میں ملوث عناصر نے عملاً ثابت کیا کہ وہ سیاسی لوگ نہیں بلکہ سیاست کے نام پر بدتمیز جتھے ہیں جن کا اخلاقیات سے دور کا واسطہ نہیں ان جتھوں نے اخلاقیات اور اقدار کی دھجیاں اڑادی ہیں قاضی فائز عیسیٰ کا تعلق بلوچستان سے ہے اس لئے حکومت بلوچستان وفاقی حکومت سے مطالبہ کرتی ہے کہ واقعہ میں ملوث عناصر کی نشاندہی کر کے ان کے خلاف کارروائی یقینی بنائی جائے اور ملوث عناصر کی پاکستانی دستاویزات اور شہریت منسوخ کی جائے ایسے عناصر پاکستان کا اخلاقی اقدار پر مبنی چہرہ مسخ کر کے پیش کر رہے ہیں۔ قانون و آئین کی پاسداری کرنے والے افراد کو تضحیک کا نشانہ بنانا ان بدتمیز جتھوں کا وطیرہ ہے یہ بات واضح ہے کہ ملک کی اعلیٰ عدلیہ کو مخصوص جتھے کے لئے استعمال نہ ہونے دینے کی پاداش میں قاضی فائز عیسیٰ کے خلاف اس طرح کا رویہ اپنایا جا رہا ہے جو قابل مذمت ہے۔ ایسے جتھوں کو شہہ دینے والے پاکستان میں موجود سہولت کاروں کے خلاف کارروائی بھی ضروری ہے، وزیر اعلیٰ نے کہا کہ قاضی فائز عیسیٰ بلوچستان کے سپوت ہیں ان کی عزت ہمارے دلوں میں ہے پاکستان کے باشعور افراد ان کی خدمات کو کبھی فراموش نہیں کر سکتے، بدتمیز جتھوں کو اپنے کیے کی سزا بھگتنی ہوگی۔



کوئٹہ: وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی سانحہ پنجگو اور موسیٰ خیل کے شہداء کے لواحقین کو امدادی چیک دے رہے ہیں



کوئٹہ: وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے کوئٹہ چیمبر آف کامرس کا وفد ملاقات کر رہا ہے



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سانحہ پنجگور اور موسیٰ خیل کے شہداء کیلئے فاتحہ خوانی کر رہے ہیں



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سانحہ پنجگور کے زخمی کی عیادت کر رہے ہیں

CamScanner

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)

روزنامہ انتخاب کوئٹہ

رجسٹرڈ نمبر ایل سی I-4

قیمت 30 روپے

صفحات

www.dailyintekhab.PK
Intekhabnews@gmail.com
Quetta Ph:081-2822909

جلد نمبر 31 | بروز جمعۃ المبارک یکم نومبر 2024ء بمطابق 28 ربیع الثانی 1446ھ | شمارہ نمبر 300


## سانحہ پنجگور میں جاں بحق 7 مزدوروں کے ورثاء میں امدادی چیک تقسیم

### سیکورٹی فورسز کے بہادر سپوتوں کو سلام وخراج عقیدت پیش کرتے ہیں، وزیراعلیٰ

شجاع آباد/کوئٹہ (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے جمعرات کو ملتان کی تحصیل شجاع آباد کا دورہ کیا اور پنجگور واقعے کے 7 شہدا کے ورثا میں 15, 15 لاکھ کے امدادی چیکس تقسیم کیے 28 ستمبر کو بلوچستان کے ضلع پنجگور میں دہشت گردوں نے شجاع آباد کے 7 مزدوروں

بقیہ نمبر 55 صفحہ 5 پر

پر فائرنگ کرکے انہیں شہید کردیا تھا وزیراعلیٰ بلوچستان نے سانحہ پنجگور کے شہدا کے لواحقین سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے انہیں یقین دلایا کہ دلخراش واقعے میں ملوث دہشت گردوں کو قرار واقعی سزا دلائیں گے جبکہ متاثرہ فیملیز کی معاونت کے ساتھ ساتھ شہدا کے بچوں کے 16 سال تک کے تعلیمی اخراجات حکومت بلوچستان برداشت کرے گی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بنوں کے علاقے بکا خیل میں خوارجی دہشت گردوں کے خلاف سیکورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی پر جوانوں کو خراج تحسین اور شہادت پانے والے سیکورٹی فورسز کے بہادر سپوتوں کو سلام وخراج عقیدت پیش کیا ہے اپنے ایک بیان میں وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ میجر عاطف خلیل اور سیکورٹی فورسز کے بہادر جوانوں نے خوارجی دہشت گردوں کو جہنم واصل کیا اور خود شہادت کا درجہ پایا قوم کو اپنے بہادر شہدا پر فخر ہے۔

## وزیراعلیٰ سے کوئٹہ چیمبرز آف کامرس کے وفد کی ملاقات، مسائل پر گفتگو

### قاضی فائز عیسیٰ کے ساتھ لندن میں پیش آنے والے واقعہ کی مذمت، ہندو برادری کو دیوالی کی مبارکباد

کوئٹہ (آئی این پی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے جمعرات کو یہاں کوئٹہ چیمبرز آف کامرس کے وفد نے نجیب اللہ ترین کی قیادت میں ملاقات کی وفد نے بارڈر ٹریڈ سے متعلق درپیش مسائل سے متعلق وزیراعلیٰ کو آگاہی دی وفد سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ تاجروں کو درپیش مسائل حل کریں گیو فاق سے متعلق امور کے حل کیلئے متعلقہ محکموں سے رابطہ کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 27 صفحہ 5 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سابق چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کے ساتھ لندن میں پیش آنے والے واقعہ کی مذمت کرتے ہوئے وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ اخلاقیات سے عاری ملوث عناصر کی دستاویزات اور پاسپورٹ ضبط کرکے بد اخلاق جھتوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے دیوالی کے تہوار پر بلوچستان اور پاکستان کی پوری ہندو برادری کو مبارکباد دی ہے اپنے ایک تہنیتی پیغام میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان میں اقلیتوں کو مکمل مذہبی آزادی حاصل ہے صوبائی حکومت بین المذاہب ہم آہنگی پر یقین رکھتی ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی صدیق بلوچ

Page No. 7

Bullet No. 1

جلد نمبر-23 | جمعہ یکم نومبر 2024ء بمطابق 28 ربیع الثانی 1446ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر-298

وزیراعلیٰ بلوچستان

# دہشت گردی ہماری روایت نہیں "را" کے فنڈڈ لشکر بلوچستان میں دہشت گردی کر رہے ہیں


**دہشت گردی کے واقعات کی شدید مذمت کرتے ہیں، دہشت گردوں کا کسی قوم یا مذہب سے تعلق نہیں بلوچ ایک مہمان نواز قوم ہے، سانحہ پنجگور اور موسیٰ خیل میں ملوث ایک بھی دہشت گرد نہیں بچے گا**

**کسی بلوچ نے کسی پنجابی سرائیکی بھائی کو شہید نہیں کیا دہشت گردوں نے معصوم پاکستانیوں کو شہید کیا ہے دہشت گردی کو جڑ سے اکھاڑ کر امن وامان قائم اور وطن عزیز کے خلاف ہونے والی ہر سازش کو ناکام بنائیں گے**

**بلوچستان میں شہید ہونے والے پنجاب کے شہداء کے بچوں کے 16 سال تک کے تعلیمی اخراجات حکومت بلوچستان برداشت کرے گی شہداء کے خاندانوں کی کفالت بھی حکومت بلوچستان کرے گی، سرفراز بگٹی**

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ دہشت گردوں کا کسی قوم یا مذہب | سے تعلق نہیں بلوچ ایک مہمان نواز قوم ہے دہشت گردی ہماری روایت نہیں (بقیہ نمبر 10 صفحہ نمبر 2 پر)

"را" کے فنڈڈ لشکر بلوچستان میں دہشت گردی کر رہے ہیں سانحہ پنجگور اور موسیٰ خیل میں ملوث ایک بھی دہشت گرد نہیں بچے گا، بلوچستان میں شہید ہونے والے پنجاب کے شہداء کے بچوں کے 16 سال تک کے تعلیمی اخراجات حکومت بلوچستان برداشت کرے گی۔ یہ بات انہوں نے جمعرات کو ملتان کے علاقے شجاع آباد میں بلوچستان میں سانحہ پنجگور اور سانحہ موسیٰ خیل میں دہشت گردوں کے حملے میں شہید ہونے والے مزدوروں کے ورثاء سے اظہار تعزیت کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر رکن قومی اسمبلی سید عبدالقادر گیلانی، صوبائی وزیر میر سلیم کھوسہ، بلوچستان اسمبلی میں قائد حزب اختلاف میر یونس عزیز زہری، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ بلوچستان شہاب علی شاہ، ڈپٹی کمشنر ملتان وسیم حامد سندھو، سی پی او صادق علی ڈوگر اور اسسٹنٹ کمشنر شجاع آباد سلمان ظفر بھی موجود تھے۔ وزیراعلیٰ نے شہداء کے درجات کی بلندی کے لیے دعا کی اور ان کے ورثاء سے اظہار تعزیت و ہمدردی کیا۔ انہوں نے سانحہ پنجگور اور سانحہ موسیٰ خیل کے شہداء کے خاندانوں کو 15 لاکھ روپے اور زخمی مزدور کو 5 لاکھ روپے فی کس امدادی چیکس دیے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پنجاب سے آ کر لوگ بلوچستان کی ترقی میں کردار ادا کرتے ہیں بلوچستان میں کام کرنے والے افراد کو مکمل تحفظ فراہم کیا جا رہا ہے بلوچ ایک مہمان نواز قوم ہے۔ دہشت گردی ہماری روایت نہیں تمام بلوچ قبائل نے دہشت گردی کے واقعہ کی مذمت کی ہے بلوچستان میں دہشت گردی میں بھارتی ایجنسی "را" کے ملوث ہونے کے مضبوط ثبوت موجود ہیں "را" کے فنڈڈ لشکر بلوچستان میں دہشت گردی کر رہے ہیں دہشت گردی کو جڑ سے اکھاڑ کر امن وامان قائم اور وطن عزیز کے خلاف ہونے والی ہر سازش کو ناکام بنائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے واقعات کی شدید مذمت کرتے ہیں کسی بلوچ نے کسی پنجابی سرائیکی بھائی کو شہید نہیں کیا دہشت گردوں نے معصوم پاکستانیوں کو شہید کیا دہشت گردوں کا کسی قوم یا مذہب سے تعلق نہیں معصوم لوگوں کے مقدس خون کے ایک ایک قطرے کا حساب لیں گے اللہ تعالیٰ شہدا کے مقدس خون کا بدلہ لینے کی توفیق دے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ غم اور دکھ کو بنیاد بنا کر دہشت گردی کا خاتمہ کریں گے اس واقعہ میں ملوث ایک بھی دہشت گرد نہیں بچے گا بلوچستان میں



ملتان، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سانحہ پنجگور اور موسیٰ خیل کے شہداء اور زخمیوں کے لواحقین میں امدادی چیک تقسیم کر رہے ہیں

کے تعلیمی اخراجات حکومت بلوچستان برداشت کرے گی
کے خاندانوں کی کفالت بھی حکومت بلوچستان کرے گی

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان



8


THE DAILY BAAKHABAR QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی اکرام اللہ خان

جلد 28 — جمعہ یکم نومبر 2024ء بمطابق 28 ربیع الثانی 1446ھ قیمت 20 روپے — شمارہ 299

ملتان، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سانحہ پنجگور میں زخمیوں اور شہداء کے لواحقین میں امدادی چیک تقسیم کر رہے ہیں

# را فنڈڈ لشکر بلوچستان کو دہشتگردی کا نشانہ بنا رہا ہے، سرفراز بگٹی

## قاضی فائز عیسیٰ سے بدتمیزی کا واقعہ قابل مذمت ہے

### سابق چیف جسٹس ایک قابل احترام شخصیت ہیں جن کے خاندان کی ملک وقوم کیلئے قربانیاں ہیں ان پر حملہ آور جتھوں نے اخلاقیات اور اقدار کی دھجیاں اڑادی ہیں

### وزیراعلیٰ بلوچستان کا شجاع آباد کا دورہ پنجگور واقعہ کے سات شہداء میں 15-15 لاکھ کے امدادی چیک تقسیم کئے بلوچستان حکومت دہشتگردی کے خاتمے کیلئے کوشاں ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سابق چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کے ساتھ لندن

کا دورہ کیا اور پنجگور واقعے کے 7 شہداء کے ورثاء میں 15،15 لاکھ کے امدادی چیکس تقسیم کیے 28 ستمبر کو بلوچستان کے ضلع پنجگور میں دہشت گردوں نے شجاع آباد کے 7 مزدوروں پر فائرنگ کر کے انہیں شہید کردیا تھا وزیراعلیٰ بلوچستان نے سانحہ پنجگور کے شہداء کے لواحقین سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے انہیں یقین دلایا کہ دلخراش واقعے میں ملوث دہشت گردوں کو قرار واقعی سزا دلائیں گے جبکہ متاثرہ فیملیز کی معاونت کے ساتھ ساتھ شہداء کے بچوں کے 16 سال تک کے تعلیمی اخراجات حکومت بلوچستان برداشت کرے گی اس موقع پر میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ اندوہناک واقعے میں کسی بلوچ نے سرائیکی یا پنجابی کو قتل نہیں کیا بلکہ دہشت گردوں نے پاکستانی شہید کر کے صوبوں میں نفرت پھیلانے کی مذموم کوشش کی جسے پاکستان کے عوام نے ناکام بنا دیا وزیراعلیٰ نے کہا کہ واقعے میں ملوث چند دہشت گردوں کو قانون کی گرفت میں لیا جا چکا ہے جبکہ بعض کی گرفتاریوں کیلئے قانون حرکت میں ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں ہونے والے دہشت گردی کے واقعات میں بھارتی خفیہ ایجنسی را ملوث ہے جسکے ڈوزیئر ہم عالمی سطح پر دے چکے ہیں وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ بلوچ قوم روایات کے امین ہیں اور وہ اس واقعے پر خود بھی صدمے سے دوچار ہیں میں یہاں سے پنجاب سمیت پورے پاکستان کی عوام کو پیغام دینا چاہتا ہوں کہ بلوچستان حکومت صوبے میں دہشت گردوں کیخلاف نبرد آزما ہے اور ہم بہت جلد ایسا پرامن ماحول بنانے جارہے ہیں کہ ملک بھر سے افراد بلوچستان میں بلا خوف وخطر روزگار کما سکیں گے اس موقع پر شجاع آباد سے رکن قومی اسمبلی عبدالقادر گیلانی نے لواحقین سے اظہار یکجہتی کیلئے آمد پر وزیراعلیٰ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے عوام مہمان نواز ہیں۔ اور بلوچستان حکومت کے شانہ بشانہ دہشت گردوں کے قلع قمع میں مصروف ہیں۔ انکا کہنا تھا کہ مٹھی بھر دہشتگرد و شرپسند عناصر صوبوں کے درمیان نفرت نہیں پھیلا سکتے اس موقع پر صوبائی وزیر میر سلیم کھوسہ، بلوچستان اسمبلی میں قائد حزب اختلاف میر یونس عزیز زہری، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ بلوچستان شہاب علی شاہ، ڈپٹی کمشنر ملتان وسیم حامد سندھو، سی پی او صادق علی ڈوگر اور اسسٹنٹ کمشنر شجاع آباد سلمان ظفر بھی موجود تھے۔

شجاع آباد/ کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے جمعرات کو ملتان کی تحصیل شجاع آباد میں پیش آنے والے واقعہ کی مذمت کرتے ہوئے وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ اخلاقیات سے عاری ملوث عناصر کی دستاویزات اور پاسپورٹ ضبط کر کے بداخلاق جھتوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے یہاں جاری ایک بیان میں وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ قاضی فائز عیسیٰ سے بدتمیزی کا واقعہ قابل مذمت ہے سابق چیف جسٹس ایک قابل احترام شخصیت ہیں جن کے خاندان کی ملک وقوم کے لئے قربانیاں ہیں قاضی فائز عیسیٰ اور ان کے خاندان نے اس ملک کو بہت کچھ دیا ہے اور اس ملک پر ان کے احسانات ہیں گزشتہ روز کے واقعہ سے ہر ذی شعور فرد کو دکھ اور افسوس ہوا واقعہ میں ملوث عناصر نے عملاً ثابت کیا کہ وہ سیاسی لوگ نہیں بلکہ سیاست کے نام پر بدتمیز جھتے ہیں جن کا اخلاقیات سے دور دور تک کا واسطہ نہیں ان جھتوں نے اخلاقیات اور اقدار کی دھجیاں اڑادی ہیں قاضی فائز عیسی کا تعلق بلوچستان سے ہے اس لئے حکومت بلوچستان وفاقی حکومت سے مطالبہ کرتی ہے کہ واقعہ میں ملوث عناصر کی نشاندہی کر کے ان کے خلاف کارروائی یقینی بنائی جائے اور ملوث عناصر کی پاکستانی دستاویزات اور شہریت منسوخ کی جائے ایسے عناصر پاکستان کا اخلاقی اقدار پر مبنی چہرہ مسخ کر کے پیش کررہے ہیں قانون و آئین کی پاسداری کرنے والے افراد کو تضحیک کا نشانہ بنانا ان بدتمیز جھتوں کا وطیرہ ہے یہ بات واضح ہے کہ ملک کی اعلیٰ عدلیہ کو مخصوص جھتے کے لئے استعمال نہ ہونے دینے کی پاداش میں قاضی فائز عیسیٰ کے خلاف اس طرح کا رویہ اپنایا جارہا ہے جو قابل مذمت ہے ایسے جھتوں کو شہہ دینے والے پاکستان میں موجود سہولت کاروں کے خلاف کارروائی بھی ضروری ہے، وزیراعلیٰ نے کہا کہ قاضی فائز عیسیٰ بلوچستان کے سپوت ہیں ان کی عزت ہمارے دلوں میں ہے پاکستان کے باشعور افراد ان کی خدمات کو کبھی فراموش نہیں کر سکتے، بدتمیز جھتوں کو اپنے کیے کی سزا بھگتنی ہوگی۔

## بلوچستان میں اقلیتوں کو مکمل مذہبی آزادی حاصل ہے، وزیراعلیٰ

### آئین میں طے کردہ قوانین کے مطابق اقلیتوں کو تمام حقوق دیئے جارہے ہیں، دیوالی کی مبارکباد

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے دیوالی کے تہوار پر بلوچستان اور پاکستان کی پوری ہندو برادری کو مبارکباد دی ہے اپنے ایک تہنیتی پیغام میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان میں اقلیتوں کو مکمل مذہبی آزادی حاصل ہے صوبائی حکومت بین المذاہب ہم آہنگی پر یقین رکھتی ہے انہوں نے کہا کہ دیوالی ایک ایسا تہوار ہے جو بلوچستان میں ہندو برادری مکمل جوش و جذبے سے مناتی ہیں اور اس موقع پر صوبے کے مسلمان بھائی بھی ان کی خوشیوں میں شرکت کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت اقلیتوں کے کوٹے پر عمل درآمد کو یقینی بنائے گی اور پاکستان کے آئین میں طے کردہ قوانین کے مطابق اقلیتوں کو تمام حقوق فراہم کیئے جارہے ہیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہندو برادری نے ہمیشہ مکمل مذہبی رواداری کا مظاہرہ کیا ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان میں آباد ہندو کمیونٹی نے ہمیشہ اپنے قول و فعل سے حب الوطنی کا ثبوت دیا ہے اور پاکستان کے ساتھ اپنے بے لوث محبت کا اظہار کیا ہے انہوں نے اس موقع پر بلوچستان میں آباد ہندو برادری کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

9

# Balochistan T


imes.pk
ntimes.pk

92 NEWS MEDIA GROUP

Founded

balochistantimes.pk @baloch

Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 904 QUETTA Friday November 01, 2024 /Rabi' al



QUETTA: Balochistan Chief Minister Mir Sarfraz Ahmad Bugti talking to delegation of Quetta Chamber of Commerce led by Najibullah Tareen on Thursday.

*Meeting families of martyred labourers*

# CM Balochistan vows to eliminate terrorism

## Bugti pledges quick solution to businessmen's problems

Staff Report

had been arrested and remaining would be caught soon.

pleted profiling of workers who

dren of the martyred workers. He

QUETTA: The Jambhoori Watan Party (JWP) has recently expressed strong condemnation regarding the destruction of the statue of Nawab Akbar Bugti, a prominent Baloch leader and a key figure in the history of Balochistan. The incident, which has sparked outrage among his supporters and the

ory of a leader who fought passionately for the rights and autonomy of the Baloch people.

Nawab Akbar Bugti was known for his steadfast commitment to the political and social issues affecting Balochistan. His leadership was characterized by a relentless struggle against oppres-

stood as a testament to his contributions and sacrifices. Therefore, its destruction has not only disrespected his memory but has also deepened the wounds of historical grievances that the Baloch people have endured.

The JWP's statement highlighted the emotional and cultural significance of such Statues and

munities. By targeting thes symbols, the act of destructio serves to erase the narrative of marginalized groups, fu ther perpetuating a cycle c neglect and historical amne sia. The JWP underscored tha the act of destroying Bugti statue is reflective of broade issues facing the Baloch pe ple, including political ma ginalization and cultural

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily JANG QUETTA

Bullet No. 1 Dated 01 NOV 2024 Page No. 10


# معیاری طبی سہولیات کی فراہمی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرینگے، بخت محمد کاکڑ

## ٹریشری کیئر ہسپتالوں کے میڈیکل سپرینٹنڈنٹس کی کارکردگی کو جانچنے کے لئے فارمیٹ مرتب کیا گیا ہے، وزیر صحت کی زیر صدارت اجلاس

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ عوام کو صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے کوئی کسر اٹھا نہ رکھی جائے گی سول ہسپتال کوئٹہ کے تمام شعبہ جات اور سروسز کی فعالیت کے لئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے، ٹریشری کیئر ہسپتالوں کے میڈیکل سپرینٹنڈنٹس کی کارکردگی کو جانچنے کے لئے ایک سیٹ فارمیٹ مرتب کیا گیا ہے اور ان کی کارکردگی کی بہتری کے لئے انہیں اہداف دیئے گئے ہیں اور مستقل بنیادوں پر اس کا جائزہ لیا جارہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو سول ہسپتال میں طبی خدمات کی بہتر فراہمی کے لیے ہسپتال کوئٹہ کے تمام شعبہ جات کے سربراہان کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر سیکرٹری صحت بلوچستان مجیب الرحمن، ایم ایس سول ہسپتال کوئٹہ ڈاکٹر میر نور اللہ خان موسیٰ خیل، پرنسپل بولان میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر راز محمد کاکڑ، سربراہ شعبہ میڈیسن پروفیسر ڈاکٹر سید خالد شاہ، پروفیسر جہانزیب خان ناصر، سربراہ شعبہ سرجری پروفیسر ڈاکٹر شعیب قریشی، پروفیسر ڈاکٹر نصیب اللہ زرکون، سربراہ شعبہ ریڈیالوجی پروفیسر ڈاکٹر اشرف اچکزئی، سربراہ شعبہ امراض اطفال پروفیسر ڈاکٹر مبین، پروفیسر ڈاکٹر صائمہ ریاض، سربراہ شعبہ امراض نسواں پروفیسر ڈاکٹر فاطمی سہیل، پروفیسر ڈاکٹر بلقیس، پروفیسر ڈاکٹر نسیم شعیب، پروفیسر ڈاکٹر روحانہ سلام، پروفیسر ڈاکٹر عارفہ عنایت، سربراہ شعبہ امراض قلب پروفیسر ڈاکٹر جلال اچکزئی، سربراہ شعبہ امراض گردہ پروفیسر ڈاکٹر محکم الدین، سربراہ شعبہ جلد پروفیسر ڈاکٹر سارہ عنایت، سربراہ شعبہ انستھزیا پروفیسر ڈاکٹر یوسف کبزئی، سربراہ شعبہ نیورالوجی پروفیسر ڈاکٹر نور احمد کھوسو، سربراہ شعبہ برن پروفیسر ڈاکٹر منظور احمد کاکڑ، سربراہ شعبہ پیڈز سرجری پروفیسر ڈاکٹر محی الدین، سربراہ شعبہ امراض نیورو سرجری پروفیسر ڈاکٹر نور احمد مغیری، سربراہ شعبہ امراض ناک، کان وگلہ پروفیسر ڈاکٹر شیر زمان مندوخیل، پروفیسر ڈاکٹر محمد صدیق، سربراہ شعبہ امراض میگزوفیشل پروفیسر ڈاکٹر عاصمہ اپال، سربراہ شعبہ امراض پیتھالوجی پروفیسر ڈاکٹر اسحاق، یورالوجسٹ ڈاکٹر اسد، سربراہ شعبہ حادثات ڈاکٹر جاوید افضل، آر ایم او ڈینٹل ڈاکٹر حفیظ سیال، ڈاکٹر ڈپٹی ایم ایس ڈاکٹر غلام سرور، ڈپٹی ایم ایس ڈاکٹر عمر، آر ایم او ڈاکٹر شاہ جینکو اور دیگر معاونین نے شرکت کی۔ صوبائی وزیر بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ سرکاری ہسپتالوں میں ہیلتھ کیئر سسٹم کو ایک روڈ میپ کے ذریعے بہتر بنانے کے لیے اقدامات کیے جارہے ہیں ٹریشری کیئر ہسپتالوں کے میڈیکل سپرینٹنڈنٹس کی کارکردگی کو جانچنے کے لئے ایک سیٹ فارمیٹ مرتب کیا گیا ہے اور ان کی کارکردگی کی بہتری کے لئے انہیں اہداف دیئے گئے ہیں اور مستقل بنیادوں پر اس کا جائزہ لیا جارہا ہے۔


MASHRIQ QUETTA


# 26ویں آئینی ترمیم کی بدولت زیر التواء کیسز جلد نمٹائے جاسکیں گے، صادق عمرانی

## صدر مملکت آصف علی زرداری کے دستخط کے بعد اب یہ ترمیم پاکستان کے آئین کا حصہ بن چکی ہے، غزالہ گولہ، نورالدین کاکڑ، ثناء اللہ جتک

## ججز بنانے کیلئے پارلیمان کا اختیار تسلیم کیا گیا ہے، 26ویں آئینی ترمیم کی منظوری کے بعد یوم تشکر ریلی سے رہنماؤں کا خطاب

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنماء وصوبائی وزیر ایریگیشن میر صادق عمرانی، کوئٹہ سٹی کے صدر نورالدین کاکڑ، ثناء اللہ جتک، ملک حمید کاکڑ، وکلاء ونگ کے سید ظہور آغا، لیبر ونگ کے صوبائی صدر شاہجہان گجر، اختر بلوچ، جہانگیر بلوچ ....... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

، رحیم آغا، حنا گلزار صوبائی آرگنائزنگ کمیٹی کے سیکرٹری صابر بلوچ، سردار عمر گورگیج، ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی غزالہ گولہ، سردار سربلند جوگیزئی، سینیٹر سید اقبال شاہ، رکن صوبائی اسمبلی سنجے کمار، کوئٹہ ڈویژن کے صدر خیر محمد ترین نے کہا ہے کہ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے اپنی شہید والدہ محترمہ بینظیر بھٹو کے وژن کے مطابق تمام سیاسی و مذہبی جماعتوں کے ساتھ ملکر 26ویں آئینی ترمیم منظور کروایا ترمیم کی منظوری کے بعد اب عدالتی عمل تیز اور فعال ہوگا کیسز جلدی نمٹائے جائیں گے۔

# صنفی مساوات وحقوق کے فروغ کیلئے قانون سازی ضروری ہے، ڈاکٹر ربابہ بلیدی

## حکومت خواتین وبچوں کے حقوق کو مرکزی دھارے میں شامل کرنے کیلئے پرعزم ہے، مشیر وزیراعلیٰ

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان کی مشیر برائے محکمہ ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں صنفی مساوات اور حقوق کے فروغ کے لئے پالیسی اور قانونی تبدیلیاں ضروری ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے عالمی

ادارہ صحت کے صوبائی سربراہ ڈاکٹر اسفندیار شیرانی کی قیادت میں وفد سے ملاقات کے دوران کیا ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ بلوچستان حکومت خواتین اور بچوں کے حقوق کو مرکزی دھارے میں شامل کرنے ......... بقیہ 76 صفحہ نمبر 7 پر

کیلئے پرعزم ہے اور معاشرے کے ہر فرد کو مساوی مواقع فراہم کرنا چاہتی ہے ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے اس بات پر بھی زور دیا کہ پارلیمنٹیرینز، حکومت اور غیر سرکاری تنظیموں اور سول سوسائٹی کی مشترکہ کوششیں ایک خوشحال اور مساوی معاشرہ تشکیل دینے کے لئے کلیدی حیثیت رکھتی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ورکشاپس اور تربیتی نشستیں صنفی مساوات کو فروغ دینے اور خواتین کی فلاح و بہبود کو یقینی بنانے کے لئے ضروری ہیں۔ صوبائی مشیر نے اس بات پر بھی زور دیا کہ قانون سازی میں صنفی حقوق کو شامل کرنے کے لئے کوششوں میں تیزی لانا ضروری ہے، تاکہ خواتین کو تعلیم، صحت اور دیگر بنیادی سہولیات تک آسان رسائی فراہم کی جا سکے۔


CamScanner

## طالبعلم پر تشدد کرنیوالے اسکول ٹیچر کو تین ماہ قید اور جرمانے کی سزا

### طارق اسپتال کے قریب واقع نجی سکول میں زیر تعلیم طالبعلم پر جسمانی تشدد کا جرم ثابت

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) جوڈیشل مجسٹریٹ سریاب III شیرینہ داؤد نے طالبعلم پر تشدد کے مقدمے میں نامزد پرائیویٹ اسکول ٹیچر کو جرم ثابت ہونے پر تین ماہ قید اور جرمانے کی سزا کا حکم سنایا۔ استغاثہ کے مطابق ایف آئی آر میں نجی سکول ٹیچر رحمت اللہ پر کوئٹہ کے علاقے سریاب روڈ پر طارق اسپتال کے قریب واقع نجی سکول میں زیر تعلیم طالبعلم پر جسمانی تشدد کا الزام عائد کیا گیا تھا اور اس کے چالان عدالت میں پیش کیا تھا۔ جس پر جوڈیشل مجسٹریٹ کی عدالت نے فیصلہ سناتے ملزم رحمت اللہ کو جرم ثابت ہونے پر تین ماہ قید اور 30 ہزار روپے جرمانے کی سزا کا حکم سنایا سزا سنائے جانے کے بعد برضمانت ملزم کو گرفتار کر کے جیل بھیج دیا گیا۔

MASHRIQ QUETTA

## اوستہ محمد اور باغ ہیڈ پولیس نے ملزمان گرفتار کر لئے

### اوستہ محمد کی جرائم پیشہ ناصر کے خلاف کریک ڈاؤن پر عوامی حلقے کی تعریف

اوستہ محمد (نمائندہ خصوصی) ایس پی اوستہ محمد انور بادینی کی ہدایات پر پولیس تھانہ گنداخہ اور باغ ہیڈ کی کامیاب کارروائیاں۔ قتل وضرر کے مقدمات میں اشتہاری و روپوش پانچ ملزمان گرفتار، اسلحہ برآمد تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان و ڈی آئی جی نصیر آباد رینج ایاز احمد بلوچ کی خصوصی ہدایات پر ایس پی اوستہ محمد محمد انور بادینی کے احکامات پر عملدرآمد کرتے ہوئے ڈی ایس پی سرکل اوستہ محمد خادم حسین گمشی کی زیر نگرانی میں انسپکٹر ......... بقیہ 77 صفحہ نمبر 7 پر

پنہل خان جمالی ایس ایچ او پولیس تھانہ گنداخہ نے دوران اسپیشل مہم گرفتاری قتل کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم میانداد ولد اسماعیل قوم جمالی کو گرفتار کیا ہے جبکہ اسکے۔ قبضہ سے وقوعہ میں استعمال ہونے والا اسلحہ بھی برآمد کر لیا گیا جبکہ انسپکٹر محمد علی جمالی ایس ایچ او پولیس تھانہ باغ ہیڈ نے بھاری پولیس نفری کے ہمراہ دوران اسپیشل گرفتاری مہم میں روپوش ملزمان 1۔ عبدالعزیز 2۔ محمد شریف 3۔ غلام نبی پسران ولی محمد 4۔ مہیم خان ولد اللہ داد اقوام گمشی ساکنان نزد چھوان چوک کو گرفتار کر لیا

INTEKHAB QUETTA

## ڈیرہ مراد جمالی پولیس کی کارروائی سنگین مقدمات میں مطلوب ملزم گرفتار

نصیر آباد (آئی این پی) ایس ایچ او پولیس تھانہ سٹی ڈیرہ مراد جمالی غلام قادر رند کی تابڑ توڑ کارروائیوں کا سلسلہ جاری 5 سنگین مقدمات میں مطلوب ملزم کو دھر لیا گیا ڈی آئی جی نصیر آباد کے کرائم کنٹرول کرنے اور اشتہاری ملزمان کو پابند سلاسل کرنے کے خصوصی احکامات اور ایس ایس پی نصیر آباد فہد خان کھوسہ کی ہدایات پر ڈی ایس پی غلام یاسین جمالی کی نگرانی میں ایس ایچ او سٹی غلام قادر رند نے اپنی ٹیم سکندر علی رند، محسن رضا کھوسہ، ظفر علی کھوسہ بقیہ نمبر 11 صفحہ 5 پر

ایس پی نصیر آباد فہد خان کھوسہ کی ہدایات پر ڈی ایس پی غلام یاسین جمالی کی نگرانی میں ایس ایچ او سٹی غلام قادر رند نے اپنی ٹیم سکندر علی رند، محسن رضا کھوسہ، ظفر علی کھوسہ، در محمد مری، غلام رسول بگٹی، ولی محمد رند، محبوب علی سولنگی، ساجد سولنگی، ظفر اللہ برڑو، ملک مٹھا خان پیچوہو ہمراہ دوران ہولڈ اپ چیکنگ میں چوری کے 5 مختلف مقدمات میں مطلوب بدنام زمانہ ملزم ریاض احمد کو گرفتار کر لیا گیا ملزم چوری کے 5 مقدمات 08/024 بجرم 381A 36/024 بجرم 38/024 381A 38 381A بجرم 46/024 381A بجرم 38 47/024 بجرم 381A میں پولیس کو مطلوب تھا گرفتاری کے بعد ملزم سے تفتیش کا آغاز کر دیا گیا ہے۔

## جوسک کیچ کور میں نامعلوم مسلح موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے ڈمپر ڈرائیور زخمی

تربت (بیورو رپورٹ) جوسک کیچ کور میں نامعلوم مسلح موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے ڈمپر ڈرائیور زخمی، پولیس ذرائع کے مطابق جمعرات کے روز نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے فائرنگ کر کے ڈمپر ڈرائیور ظہور احمد ولد فضل ساکن جوسک کو زخمی کر دیا، ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔

## لورالائی میں سیکورٹی فورسز نے 14 ایکڑ پر کاشت کی گئی بھنگ کی فصل کو تلف کر دیا

لورالائی (این این آئی) لورالائی میں سیکورٹی فورسز نے 14 ایکڑ پر کاشت کی گئی بھنگ کی فصل کو تلف کر دیا۔ جمعرات کو لورالائی کے علاقے پٹھان کوٹ میں گندہ خوڑی کے مقام پر بقیہ نمبر 2 صفحہ 5 پر

اینٹی نارکوٹکس فورس، پولیس، لیویز نے مشترکہ کاروائی کے دوران 14 ایکڑ پر کاشت کی گئی بھنگ (چرس) کی فصل کو تلف کر دیا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Dated: 01 NOV 2024 Page No. 15

Bullet No. 5

# پولٹری مافیا غریب عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہا ہے شہریوں کی دہائی

ضلعی انتظامیہ کے بار ہا علانات اور کاروائیوں کے باوجود کوئٹہ میں مرغی کی قیمتوں میں کمی نہیں آئی

ڈی سی نے حکومتی فارم سے دکانداروں کو مرغی کی فراہمی کا وعدہ کیا تھا لیکن وہ وعدہ پورا نہیں ہو سکا، کوئٹہ کے مختلف شہریوں کے اعتراضات

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) کوئٹہ میں مرغی کی قیمتوں میں کمی نہیں آسکی، ضلعی انتظامیہ کو آگاہ کرنے کے باوجود پولٹری مافیا غریب عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہی ہے کوئی چیک اینڈ بیلنس نہیں، اس وقت کوئٹہ شہر میں مرغی کی قیمت 670 روپے سے بھی بڑھ گئی ہے، موجودہ ڈی سی نے حکومتی فارم سے دکانداروں کو مرغی کی فراہمی کا وعدہ کیا تھا لیکن وہ وعدہ پورا نہیں ہو سکا جس پر کوئٹہ کے مختلف شہریوں نے اعتراضات اٹھاتے ہوئے ضلعی انتظامیہ کی کارکردگی کو صفر قرار دیتے ہوئے زید زہری، ملک اللہ داد کاکڑ، نعمت اللہ ترین، سید وقار شاہ، علاؤ الدین خان، اور دیگر تاجروں نے بتایا ہے کہ ضلعی انتظامیہ اپنی زمہ داریوں سے اب تک باخبر نہیں، اس وقت کوئٹہ شہر کے کسی بھی پولٹری فارم پر کوئی چھاپے نہیں مارے جاتے ہیں جبکہ اکثر شہریوں کے یہ بھی شکایات ہے مردہ مرغیاں بھی لوگوں پر فروخت کر رہے ہیں، انہوں نے بتایا ہے کہ اگر فوری طور پر مرغی کی قیمتوں میں کمی نہیں لائی گئی تو کوئٹہ کے عوام سخت سے سخت احتجاج کرنے پر مجبور ہو جائینگے۔

# سوشل ویلفیئر کی جانب سے کینسر کی مد میں ادویات مکمل طور پر بند

کینسر میں مبتلا مریضوں میں تشویش، حکومت سے نوٹس لینے کا مطالبہ

کوئٹہ (اے این این) سوشل ویلفیئر کی جانب سے کینسر کی مد میں ادویات مکمل طور پر بند کر لئے جس سے کینسر میں مبتلا مریضوں میں تشویش پھیل گئی اور حکومت سے مطالبہ کیا کہ کینسر ایک مہلک اور خطرناک بیماری ہے اس کی مد میں پچھلی حکومت نے جو فنڈز منظور کی اس سے کینسر میں مبتلا بیماروں نے کئی حد تک شفاء حاصل کی لیکن اب نہ صرف ادویات بند بلکہ اس مد میں کروڑوں روپے ادویات کے بغیر نکال کر ہڑپ کیے گئے سوشل ویلفیئر کے ایک اہم.........

بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

ذرائع نے یہ بتایا کہ کینسر کی مد میں سابقہ حکومت نے انڈوومنٹ فنڈز جو متعارف کرایا گیا اس سے کئی بلکہ سینکڑوں متاثرین کا علاج و معالجہ بھی ممکن ہوا لیکن موجودہ سیکرٹری نے اس فنڈ پر پابندی لگادی اور پانچ مہینے گزر گئے کسی بھی بیمار کو فنڈز دیئے نہ ہی ادویات کی مد میں رقم ریلیز کی ہوئی ادویات کا بحران مسلسل جاری شہریوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان ودیگر سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ کینسر کی مد میں جو رقم منظور ہوئی ہے اسے دوبارہ فعال بنایا جائے۔

Century Express Quetta

# اے ٹی ایم مشینز سے جعلی نوٹ نکلنے لگے، شہری پریشان

برانچ ہیڈز اپنے بینکوں میں یہ کھیل کھیلنے والوں کیخلاف کارروائی کریں، عوامی حلقے

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ کی مختلف اے ٹی ایم مشینوں سے جعلی نوٹ نکلنے سے شہری پریشان، عوامی حلقوں کے مطابق مختلف بینکوں کے باہر لگائے جانے والی اے ٹی ایم مشینوں میں جعلی نوٹوں کا متعلقہ بینک منیجرز نوٹس لیں۔ بینک حکام کے مطابق اگر ایسا ہو تو رقم نکلنے کے بعد اے ٹی ایم سے نکالے جانے والے نوٹ وہیں پر چیک کرلیا کریں شکایتیں آرہی ہیں کہ اے ٹی ایم سے نکالے گئے بڑے نوٹ جعلی نکل رہے ہیں۔ دوسری جانب شہریوں کا کہنا ہے کہ بینکوں میں موجود مافیا اس کھیل میں ملوث ہے جن کے خلاف متعلقہ بینکوں کی برانچ ہیڈز کو ایکشن لینا ہوگا کیونکہ عوام کی شکایات بڑھتی جارہی ہیں جن کے خلاف بڑے پیمانے پر کارروائی کرنے کی ضرورت ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: مشرق

Bullet No. 6    Dated: 01 NOV 2024    Page No. 16

# سرکاری کتب کی سکولوں میں بروقت ترسیل کو یقینی بنایا جائے!

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیرصدارت بلوچستان ٹیکسٹ بورڈ کی کارکردگی سے متعلق جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔اجلاس کو بتایا گیا کہ بلوچستان میں درسی نصاب کو قومی نصاب سے ہم آہنگ کیا جارہا ہے نئی چھپنے والی کتب میں ہر صفحے پر اسکیننگ بارکوڈ بھی درج کیا جارہا ہے تاکہ اساتذہ کسی بھی رہنمائی کے لیے آن لائن پورٹل سے رجوع کرسکیں۔نئے سال کیلئے سرکاری درسی کتب رواں سال دسمبر تک چھپ کر مکمل ہوجائیں گی۔اس سال صاف وشفاف ملک گیر پیشکشوں کی طلبی کے ذریعے کتب اشاعت کا کام قابل بھروسہ ساکھ کی حاصل فرمز کو دیا گیا ہے اور پیشکشوں میں کم بولی دینے والی فرم کو ٹھیکہ دیا گیا ہے ۔اس طرح آئندہ سال نہ صرف 75 کروڑ روپے کی براہ راست بچت ہوگی بلکہ سالانہ مہنگائی کے موازنے اور دیگر اخراجات کو ملا کر مجموعی طور پر یہ بچت ایک ارب روپے کی ہوگی۔

اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے محکمہ تعلیم کے حکام کو ہدایات دیں کہ سرکاری کتب کی سکولوں میں بروقت ترسیل کو یقینی بنایا جائے۔ہم آفیسران کی حوصلہ افزائی کریں گے ۔بلوچستان ٹیکسٹ بورڈ کی کارکردگی اطمینان بخش ہے ۔تعلیمی نصاب کی تشکیل اور دیگر تحقیقی وترقیاتی سرگرمیوں پر چیئرمین گلاب خان خلجی کی کارکردگی قابل تعریف ہے۔بلوچستان کے بچوں کو جدید تحقیق پر مبنی نصاب پڑھایا جائے۔اب ہمیں "الف "انار اور "ب" بکری سے نکلنا ہوگا۔ہمیں بلوچستان کے بچے کو اس قابل بنانا

کرسکے۔افسران کسی بلیک میلنگ میں نہ آئیں اور مثبت اصلاحات کا تسلسل برقرار رکھیں ۔ مستقبل میں ان اصلاحات کو برقرار رکھنے کے لیے قانون سازی کریں گے۔اپنے دور حکومت میں تعلیم کے شعبے میں بہتری اور مجموعی گورننس کے نظام کو بہتر بنائیں گے۔

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا بلوچستان ٹیکسٹ بورڈ کی کارکردگی سے متعلق جائزہ اجلاس سے مذکورہ خطاب اور اس حوالے سے متعلقہ حکام کو ہدایات دینا اس بات کی غمازی کرتا ہے کہ وہ صوبے میں دیگر شعبوں میں بہتری لانے کے ساتھ تعلیم کے شعبے میں بڑی اصلاحات لانا چاہتے ہیں جوکہ بلاشبہ قابل تعریف عمل ہے کیونکہ بدقسمتی سے بلوچستان میں معیار تعلیم بہتر نہیں ہے اس پر سابقہ ادوار میں توجہ نہیں دی گئی جس کے باعث یہ تعلیم کا شعبہ بد سے بدتر ہوتا گیا اور اس کا معیار ملک کے دیگر صوبوں سے بہت پیچھے رہ گیا۔اور اس کا یہ عالم ہوگیا کہ اس کی بڑی سے بڑی ڈگری کو دیگر صوبوں میں تسلیم ہی نہیں کیا جاتا جو کہ قابل افسوس بات ہے۔

جہاں تک سرکاری کتب کا بروقت سکولوں میں فراہم کرنے کا تعلق ہے تو اس سلسلے میں بلوچستان ٹیکسٹ بورڈ کی کارکردگی پچھلے ادوار میں ٹھیک نہیں رہی کتب بروقت تیار نہیں ہوتی تھیں جو کہ کئی ماہ بعد سکول کو فراہم کی جاتی تھیں۔جس سے بچوں کا تعلیمی حرج ہوتا تھا۔

اس لیے یہاں ضرورت اس امر کی ہے کہ بلوچستان ٹیکسٹ بورڈ کو سرکاری کتب کی سکولوں میں بروقت ترسیل کو یقینی بنائے تاکہ بچوں کا وقت ضائع نہ ہو کیونکہ جب ان کو کتابیں نہیں ملیں گی تو وہ کیا پڑھیں گے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6 Dated 01 NOV 2024 Page No. 17


## صوبائی حکومت کی تعلیمی اصلاحات کو دوسرے صوبوں میں سراہا اور اپنایا جارہا ہے

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت ٹیکسٹ بک بورڈ کی کارکردگی سے متعلق جائزہ اجلاس چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی، پرنسپل سیکرٹری ٹو چیف منسٹر عمران زرکون، سیکرٹری ایجوکیشن محمد صالح ناصر، ایڈیشنل سیکرٹری چیف منسٹر سیکرٹریٹ محمد فریدون، چیئرمین بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ گلاب خان خلجی سمیت دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی اجلاس کو بتایا گیا کہ بلوچستان میں درسی نصاب کو قومی نصاب سے ہم آہنگ کیا جارہا ہے اور نئی چھپنے والی کتب میں ہر صفحے پر سکیننگ بار کوڈ بھی درج کیا جارہا ہے تاکہ اساتذہ کسی بھی رہنمائی کے لئے آن لائن پورٹل سے رجوع کر سکیں۔ اجلاس کو آگاہ کیا گیا نئے سال کے لئے سرکاری درسی کتب رواں سال دسمبر تک چھپ کر مکمل ہو جائیں گی، امسال صاف شفاف ملک گیر پیشکشوں کی طلبی کے ذریعے کتب اشاعت کا کام قابل بھروسہ ساکھ کی حامل فرم کو دیا گیا ہے، جس سے آئندہ سال نہ صرف 75 کروڑ روپے کی براہ راست بچت ہوگی بلکہ دیگر اخراجات کو ملا کر مجموعی طور پر یہ بچت ایک ارب روپے کی ہوگی، بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ میں ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ ونگ قائم کیا گیا ہے جو مسلسل تحقیقی امور پر نظر رکھے گا یوا این اے کے مطابق میر سرفراز بگٹی نے بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے محکمہ تعلیم کے حکام کو ہدایت کی کہ سرکاری کتب کی سکولوں میں بروقت ترسیل کو یقینی بنایا جائے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے بچوں کو جدید تحقیق پر مبنی نصاب پڑھایا جائے ہمیں بلوچستان کے بچوں کو اس قابل بنانا ہے کہ وہ اسلام آباد اور لاہور کے طالب علم کا مقابلہ کر سکے اچھے افسران کی حوصلہ افزائی کی جائے گی اور ان کی تعیناتی کے دورانیہ کو تحفظ دیا جائے گا افسران کسی بلیک میلنگ میں نہ آئیں اور مثبت اصلاحات کا تسلسل برقرار رکھیں، انہوں نے کہا کہ یہ امر باعث مسرت ہے کہ بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ کے اقدامات کو پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ نے سراہتے ہوئے اپنانے کا اعادہ کیا ہے ہماری موجودہ صوبائی حکومت کی تعلیمی اصلاحات کو دوسرے صوبوں میں سراہا اور اپنایا جارہا ہے، یہ ایک نئی تاریخ ہے اجلاس کے اختتام پر وزیر اعلیٰ بلوچستان نے اعلیٰ کارکردگی پر چیئرمین بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ گلاب خان خلجی کو حسن کارکردگی سرٹیفکیٹ بھی دیا

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 01 NOV 2024 Page No. 18


## الف 'انار' ب 'بکری' سے باہر نکلنا ہوگا

بلوچستان کے وزیراعلیٰ نے تعلیم کے حوالے سے ایک نئی منطق پیش کی ہے، ان کا کہنا ہے کہ اب ہمیں الف ''انار'' اور ب ''بکری'' سے باہر نکلنا ہوگا، بلوچستان کے بچوں کو جدید تحقیق پر مبنی نصاب پڑھایا جائے۔ اب کیا پرائمری کے بچے کو الف 'الیکشن' اور ب 'بھرپور دھاندلی' پڑھایا جائے گا یا الف ''اُلو'' اور ب ''بدھو'' پڑھایا جائے یا الف ''الیکٹرانک مصنوعات'' ب ''بائیوکیمیکل ویپن'' پڑھایا جائے گا۔ کیا ترقی یافتہ قومیں اپنے پرائمری کے بچوں کو سبزی، پھلوں اور جانوروں کے نام بتانے کے بجائے انہیں جدید ریسرچ پڑھاتے ہیں۔ کیا کسی قوم کے پرائمری کے بچوں کو جدید ڈرون ٹیکنالوجی پڑھائی جارہی ہے یا الیکٹرانک کاروں کے بارے میں پڑھایا جاتا ہے؟

ہمارے سیاستدانوں کو آج تک یہ بات سمجھ نہیں آئی کہ وہ سیاستدان ہیں، کوئی ماہر تعلیم، ماہر معیشت، سائنسدان اور ماہر سماجی علوم نہیں ہیں۔ سیاستدان کا مقصد ملک و قوم کو درپیش مسائل کا حل نکالنا اور ہر شعبے کے لیے ایسی پالیسی بنانا ہوتا ہے جس میں اس شعبے کے ماہرین اور دیگر باسانی اپنی خدمات انجام دے کر ملک وقوم کا نام روشن کرسکیں۔ ترقی یافتہ ممالک کے بڑے بڑے رہنماؤں نے ہمیشہ ہر شعبے کی کارکردگی بہتر بنانے کے لیے ماہرین کے ساتھ بیٹھ کر حکمت عملی بنائی اور اس کو مزید تقویت فراہم کرنے کے لیے قانون سازی کی ہے، سیاستدان معاشرے میں پائی جانے والی بے چینی، ناانصافی اور دہرے معیار کے خلاف جدوجہد کرتا ہے، وہ ایسی قانون سازی کرتا ہے کہ ہر شعبے میں تمام شہریوں کو مساوی مواقع میسر آئیں۔ شعبوں کو ترقی دینا اس شعبے کے ماہرین، کاریگر اور ان سے منسلک دیگر افراد کا کام ہوتا ہے۔

نظام تعلیم کو بہتر کرنا بھی محکمہ تعلیم اور شعبہ تعلیم کے ماہرین کا کام ہے، حکومت کا کام یہ ہے کہ اس شعبے میں ہونے والی ناانصافیوں کو ختم کرنے کے لیے قانون سازی کرے، اساتذہ اور دیگر ملازمین کی غیر حاضری کو روکنے کے لیے اقدامات کرے، سرکاری اسکولوں کی عمارتوں کو بہترین بنانے کے ساتھ ساتھ نظام تعلیم کو جاری رکھنے کے لیے اقدامات کرے۔ معیار تعلیم بلند کرنے کے لیے مقابلے کی فضا قائم کی جائے۔ میرٹ پر بھرتیاں کی جائیں، نااہل اور ناتجربہ کار اساتذہ سے جان چھڑائی جائے۔ ان میں سے کوئی بھی کام کرنے کو حکومت اور ادارے تیار نہیں ہیں۔ ہر جگہ سفارشی بھرتی کیے ہوئے ہیں، نااہل افراد مقتدر بنے ہوئے ہیں۔ جس کا نتیجہ یہ ہے کہ نظام تعلیم دن بدن بدحالی کا شکار ہو رہا ہے۔

معیار تعلیم بلند کرنے کے لیے الف 'انار' اور ب 'بکری' کو بدلنے کی ضرورت نہیں بلکہ اس نظام کو بدلنا ہوگا جہاں بچے اسکول جانے سے قاصر ہیں، اور جو اسکول جارہے ہیں وہاں بھی اساتذہ انہیں الف 'انار' اور ب 'بکری' بھی نہیں پڑھا رہے۔ بچے میٹرک تک تعلیم حاصل کرلیتے ہیں اور انہیں ایک چھٹی کی درخواست تک لکھنا نہیں آتی۔ اکثر بچے تو اچھے طریقے اور تلفظ کے ساتھ پڑھنے کے قابل بھی نہیں ہوتے، دسویں کلاس کے بچے کی املا درست نہیں ہوتی۔ اگر انہیں صحیح سے پڑھنا لکھنا سکھایا جائے اور انہیں صرف اتنا سمجھا دیا جائے کہ ان کی ترقی تعلیم و تربیت میں پنہاں ہے تو یہ قوم بہت آگے نکل جائے لیکن جب وہ بچے ایک اعلیٰ تعلیم یافتہ شخص کو دھکے کھاتے دیکھتے ہیں، اور جعلی ڈگریوں پر بھرتیاں ہوتے دیکھتے ہیں تو پھر ایسے میں بچے کو تعلیم و تربیت کی اہمیت سمجھانا بہت مشکل ہو جاتا ہے، ساری زندگی جب بچہ معاشرے میں نااہلوں کو بڑی بڑی پوسٹ پر تعینات پاتا ہے تو پھر اسے قابلیت اور اہلیت حاصل کرنے پر قائل کرنا مشکل ہو جاتا ہے۔ تعلیم کا معیار بلند کرنے کے لیے پہلے ہمیں اچھے تعلیم یافتہ افراد کو ان کا صحیح حق دینا ہوگا، تب کہیں بچے اس جانب راغب ہوں گے۔ الف ''انار'' اور ب ''بکری'' کو بدلنے سے تعلیم کا معیار بلند نہیں ہوگا۔

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: بلوچستان ٹائمز

Bullet No. 6 Dated: 01 NOV 2024 Page No. 19

## تعلیمی شعبے میں اصلاح و بہتری اور جدت لانے کی ضرورت

یوں تو پورے ملک میں تعلیم کا نظام خصوصی حکومتی توجہ، منصوبہ بندی اور دوٹوک اقدامات کا متقاضی رہا ہے اور سنجیدہ اقدامات کی اشد ضرورت ہے مگر ہمارے صوبے (بلوچستان) میں اس کی اہمیت زیادہ اور دو چند ہو جاتی ہے وجہ یہ ہے کہ ہمارے صوبے میں باقی صوبوں کی نسبت تعلیمی پسماندگی زیادہ ہے اور تعلیمی شعبے کو زیادہ مسائل ومشکلات کا سامنا ہے اساتذہ کی کمی اور ڈیوٹیاں نہ دینے کے بنیادی مسئلے سے لے کر انرولمنٹ کی شرح تک مسائل ہی مسائل ہیں جو فوری توجہ چاہتے ہیں جبکہ اس کے ساتھ ساتھ نصاب یا کریکولم میں بھی بہت زیادہ جدت بہتری اور اصلاح کی ضرورت ہے اور یہ امر خوش آئند و مستحسن ہے کہ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں موجودہ حکومت جہاں تعلیم کے شعبے میں درپیش دیگر بنیادی اور روایتی نوعیت کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر دیکھ رہی ہے وہاں نصاب کے معاملے میں بھی حکومت جس حد تک ممکن ہو فعال و متحرک ہے ابھی دو دن قبل وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کوئٹہ میں قائم ایک تعلیمی ادارے کے دورے کے موقع پر تعلیم کے حوالے سے اپنے دوٹوک عزم کا اعادہ کیا تھا اس سے اگلے دن یعنی گزشتہ روز وزیراعلیٰ نے ٹیکسٹ بک بورڈ کی کارکردگی سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کی ہے اور کسی قسم کی لگی لپٹی رکھے بغیر ایک بار پھر جہاں تعلیم کے شعبے کے حوالے سے دوٹوک اور غیر متزلزل عزم کا اعادہ کیا وہاں انہوں نے نصاب کو بھی دور جدید کے تقاضوں سے ہم آہنگ بنانے کی ضرورت پر زور دیا اور متعلقہ حکام کو اس ضمن میں ضروری ہدایات دیں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت منعقدہ اس اعلیٰ سطحی اجلاس میں صوبائی وزیر تعلیم محترمہ راحیلہ درانی، سیکرٹری سیکنڈری ایجوکیشن، چیئرمین بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ و دیگر متعلقہ حکام شریک تھے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ بلوچستان میں درسی نصاب کو قومی نصاب سے ہم آہنگ کیا جا رہا ہے اور نئی چھپنے والی کتب میں ہر صفحے پر اسکیننگ بار کوڈ بھی درج کیا جا رہا ہے تاکہ اساتذہ کسی بھی رہنمائی کے لئے آن لائن پورٹل سے رجوع کر سکیں اجلاس کو آگاہ کیا گیا نئے سال کے لئے سرکاری درسی کتب رواں سال دسمبر تک چھپ کر مکمل ہو جائیں گی امسال صاف شفاف ملک گیر پیشکشوں کی طلبی کے ذریعے کتب اشاعت کا کام قابل بھروسہ ساکھ کی حامل فرم کو دیا گیا ہے اور پیشکشوں میں کم بولی دینے والی فرم کو ٹھیکہ دیا گیا ہے اس طرح آئندہ سال نہ صرف چھہتر کروڑ روپے کی براہ راست بچت ہوگی بلکہ سالانہ مہنگائی کے موازنے اور دیگر اخراجات کو ملا کر مجموعی طور پر یہ بچت ایک ارب روپے کی ہوگی بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ میں ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ ونگ قائم کیا گیا ہے جو مسلسل تحقیقی امور پر نظر رکھے گا وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے نصاب کی تشکیل اور دیگر تحقیقی و ترقیاتی سرگرمیوں پر چیئرمین ٹیکسٹ بک بورڈ کی کارکردگی کو سراہا اور محکمہ تعلیم کے حکام کو ہدایت کی کہ سرکاری کتب کی اسکولوں میں بروقت ترسیل کو یقینی بنایا جائے اس ضمن میں ڈائریکٹوریٹ آف اسکولز اور بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ کتب کی اضلاع میں یونین کونسل کی سطح پر بروقت ترسیل کا قابل عمل میکنزم تشکیل دیکر اپنی سفارشات دس یوم کے اندر جمع کرائیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے بچوں کو جدید تحقیق پر مبنی نصاب پڑھایا جائے اب ہمیں الف انار اور ب بکری سے نکلنا ہوگا ہمیں بلوچستان کے بچے کو اس قابل بنانا ہے کہ وہ اسلام آباد اور لاہور کے طالب علم کا مقابلہ کر سکیں، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ اچھے افسران کی حوصلہ افزائی کریں گے اور کم از کم موجودہ حکومت میں ان کی تعیناتی کے دورانیہ کو تحفظ دیا جائے گا افسران کسی بلیک میلنگ میں نہ آئیں اور مثبت اصلاحات کا تسلسل برقرار رکھیں مستقبل میں ان اصلاحات کو برقرار رکھنے کے لئے قانون سازی کریں گے ہماری خواہش ہے کہ مثبت اقدامات کا تسلسل مستقبل میں بھی برقرار رہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ یہ امر باعث مسرت ہے کہ بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ کے اقدامات کو پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ نے سراہتے ہوئے اپنانے کا اعادہ کیا ہے ہماری موجودہ صوبائی حکومت کی تعلیمی اصلاحات کو دوسرے صوبوں میں سراہا اور اپنایا جا رہا ہے، یہ ایک نئی تاریخ ہے ہم پرعزم ہیں کہ جس قدر ممکن ہو سکا اپنے دور حکومت میں تعلیم کے شعبے میں بہتری اور مجموعی گورننس کے نظام کو بہتر بنائیں گے جیسا کہ وزیراعلیٰ نے کہا ہے یہ بات بلوچستان کے لئے اہمیت کی حامل ہے کہ تعلیمی شعبے میں ہمارے اقدامات باقی صوبے اپنا رہے ہیں نصاب سے متعلق بھی وزیراعلیٰ نے اہم بات کہی ہے کہ اب روایتی طرز تعلیم یا فرسودہ نصاب کی بجائے قومی تقاضوں سے وقت کی جدت سے ہم آہنگ نصاب اپنانے کی ضرورت ہے اس ضمن میں ہم سابق وفاقی حکومت کے دور میں شروع کئے گئے ایک قوم ایک نصاب کے منصوبے کو قدر و منزلت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں ون نیشن ون کریکولم کے ہدف کو آگے بڑھا کر میٹرک انٹرمیڈیٹ اور ہائیر ایجوکیشن تک وسعت ملنی چاہئے نصاب ایک ہوگا تو اس کے بے شمار فوائد ہوں گے رہ گئے بلوچستان میں تعلیمی شعبے کے دیگر مختلف النوع مسائل تو ہمیں قوی امید ہے کہ اگر صوبائی حکومت نے بہتری جدت اور اصلاح پر مبنی اقدامات کا یہ سلسلہ جاری رکھا تو انشاء اللہ اگلے پانچ سے دس برسوں میں تعلیمی شعبہ ایک نئی صورت پیش کرے گا جس سے نکل کر ہونہار طلباء ملک و قوم اور صوبے کا

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 01 NOV 2024

Page No. 20

# Uncontrolled road mishaps

As many as 12 people lost their lives and several others injured in three deadly road accidents in Balochistan in a single day. Unfortunately, fatal accidents are common in Balochistan, where traffic rules are rarely followed and roads, particularly in rural and mountainous areas, are in poor condition. Such incidents are frequent in Balochistan, where single-carriage roads connect various cities, and even some highways lack modern safety features. The precious human lives are being perished on a regular basis on Quetta-Karachi, Quetta- Sibi, Quetta Zhob and Quetta Taftan but regrettably, the government and National Highway Authority (NHA) are just playing the role of silent spectator. Every year hundreds of people die in road accidents across the province but the state and authorities concerned do not pay heed to protect lives of citizens. There are two main reasons behind increasing number of road mishaps in Balochistan particularly that of Quetta-Karachi Highway are lack of dual carriageways and over speeding. Unfortunately, so far the entire Balochistan lacks even a single kilometer dual carriageway. The single and old highways are no longer suitable to cater the demand of the present flow of traffic. The number of vehicles particularly that of passenger coaches increased manifold along with fast increase in human population. Secondly, there is no check and balance over passenger buses and other traffic plying on the roads. A large number of road accidents are happening due to over- speeding and the drivers of passengers' buses are mostly young and untrained, and there is always competition of covering distance with less time. Sadly, NHA always neglected Balochistan and hardly paid attention towards construction and expansion of highways despite the fact that Balochistan shares a border with Iran and Afghanistan with whom the country has bilateral economic relations and hundreds of trucks play on highways of Balochistan loaded with import and export goods. Now, it is imperative that the provincial government of Balochistan and federal government have mercy upon the people of the most impoverished province and take seriously the dualisation of Quetta-Karachi and other highways. Merely saying Balochistan is the future of Pakistan and beating the drums of CPEC will not going to heal the wounds of masses of Balochistan and cannot work to evade future road mishaps, unless practical measures are taken. Moreover, the government's authorities at least can come up with a proper strategy to control over-speeding and timely action against drivers who violate rules, and the drivers must qualify training before plying passenger buses on highways.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Balochistan Express Quetta

Bullet No. 6

Dated: 01 NOV 2024 Page No. 21

# Fight against Polio

Polio is a serious disease that can cause permanent disability, yet in Balochistan and Pakistan, our fight against it is still far from over. For decades, health workers have worked tirelessly to protect children from this debilitating illness. However, recent events show us that we have many hurdles to overcome. Deadly attacks on polio teams and an increase in vaccine refusal illustrate a troubling situation: health workers face dangers while mistrust in vaccines grows. To effectively eliminate polio, we must focus on two major issues: the safety of polio health workers and the public's acceptance of the vaccine. Firstly, the security of polio teams is critical. Just this past Tuesday, tragic incidents in Khyber Pakhtunkhwa reminded us of the risks these brave individuals face while performing their duties. Policemen and polio workers were attacked, showing how dangerous this work can be. These health workers deserve our gratitude for their dedication to protecting our children, often putting themselves in harm's way. To improve security, the government should take immediate action. In areas where militant activity is high, the government must deploy trained personnel who understand counterterrorism to escort polio teams. This will help protect those on the ground who are trying to prevent polio from spreading. Additionally, police officers involved in these campaigns should receive special training and modern protective gear to prepare them for any potential threat. Secondly, we need to address the growing number of parents refusing to vaccinate their children. In Sindh, for example, vaccine refusal rates have soared, reaching as high as 85% in cities like Karachi.

Many parents are misinformed about the vaccine, believing myths that link it to infertility or other health problems. This cultural resistance makes it even harder to achieve our goal of eradication. One promising solution involves engaging religious leaders, or ulema, in the vaccination campaign. The Sindh government has already begun this important work by including clerics in their efforts. Their involvement can significantly influence public opinion in favor of vaccination. Clerics can communicate with communities during Friday prayers, clarify that the polio vaccine is safe, and reassure parents that it aligns with their religious beliefs. To complement this effort, the government should also launch large-scale media campaigns aimed at dispelling myths about the vaccine. These campaigns should target areas where refusal rates are high and focus on educating the public about the benefits of the vaccine while countering misinformation. Today, Pakistan stands at a critical juncture.

We were once close to eliminating polio but are now on the brink of a potential resurgence. Meanwhile, countries like India and Bangladesh have successfully eradicated the disease, proving that with consistent effort and smart planning, elimination is possible. It is disheartening that polio remains endemic in just two countries: Pakistan and war-torn Afghanistan. This should serve as a wake-up call for all of us. Polio eradication is achievable, but we must act urgently and efficiently to address the challenges we face. Improving security for health workers and fostering trust in the vaccine are both crucial steps in this journey.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. ________ Dated 01 NOV 2024 Page No. ________



صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ سول ہسپتال کوئٹہ میں برن یونٹ کا معائنہ کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.________ Dated: 01 NOV 2024 Page No.________



چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں